قرآن مجید کو سمجھنے کے لئے عربی کا جاننا ضروری ہے اس مقصد کے پیش نظر یہ رسالہ لکھا گیا ہے جس میں عربی زبان کے صرفی و نحوی قواعد سے متعلق دس اسباق ہیں اور ہر سبق میں مثالوں اور الفاظ کی مشق کے لئے الفاظ اور جملوں کا انتخاب زیادہ تر قرآن مجید سے ہی کیا گیا ہے مصنف نے بقول اپنے ان میں سے اکثر کو اپنے ذاتی تجربہ میں مفید پایا ہے۔ امید ہے کہ مصنف اسی طرح باقی اسباق لکھ کر اس سلسلہ کو مکمل کر دیں گے اور ارباب ذوق اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔ (س)

مشامِ روح از جناب تاباں القادری تقطیع متوسط کتابت و طباعت متوسط ضخامت ۱۶۲ صفحات قیمت مجلد عہ پتہ:۔ مکتبۂ قادریہ ۲۲ خانقاہ شریف لین کلکتہ ۱۴۔

جناب تاباں کلکتہ کے نوجوان اور خوش گو شاعر ہیں وہ نظم اور غزل دونوں میں یکساں قدرت رکھتے ہیں تاہم فطری طور پر ان کو تغزل سے زیادہ لگاؤ معلوم ہوتا ہے چنانچہ ان کے تغزل میں درد دتاثر بھی ہے اور سوز و گداز بھی ہے بے ساختگی اور آمد بھی ہے اور حسنِ تخیل بھی انھوں نے اپنی شاعری کے دو دور قائم کئے ہیں ایک ۱۹۳۸ء سے لے کر ۱۹۴۱ء تک کا اور دوسرا ۱۹۴۱ء سے ۱۹۵۰ء تک۔ اس مجموعہ میں شاعر کے ان دونوں دوروں کا کلام جو نظموں غزلوں اور رباعیات پر مشتمل ہے جمع کیا گیا ہے۔ کتاب کے شروع اور آخر میں اردو زبان وادب کے متعدد نامور ارباب قلم کی تقریظات ہیں جن میں انھوں نے جناب تاباں کی شاعری کی نسبت اظہار خیال کیا ہے امید ہے کہ ارباب ذوق اس کے مطالعہ سے "مشام روح" حاصل کریں گے